| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 7 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: حفظ و ترجمہ (کلمات) |

**حاصلاتِ تعلّم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- روز مرّہ زندگی میں ہونے والے کلمات اور ان کا مفہوم یاد کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** **5 منٹ**

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو الحمد للہ اور یرحمك اللہ کے فلیش کارڈز دکھائیں اور باآواز بلند پڑھائیں۔ انھیں بتائیں الحمدللہ ہم اس وقت بھی کہتے ہیں جب چھینک آتی ہے۔ طلبہ کو بتائیں دینِ اسلام مکمل ضابطہ حیات ہے دینِ اسلام نے ہمیں زندگی گزارنے کے تمام آداب سکھائے ہیں حتیٰ کہ انسان کو چھینک کے آداب بھی بتائے ہیں۔

**طریقہ تدریس:** **20 منٹ**

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ سے پوچھیں کیا آپ جانتے ہیں کہ چھینک کے وقت ہم الحمد للہ کیوں کہتے ہیں؟ اس کی وجہ یہ ہے کہ جب چھینک آتی ہے تو ناک سے لے کر دماغ تک ساری رگیں صاف ہو جاتی ہیں اور یہ اللہ تعالیٰ کا خاص کرم ہے۔
- انھیں بتائیں کہ جب چھینکنے والا الحمد للہ کہے تو سننے والے کو یرحمك اللہ کہنا چاہیے، جس کا مطلب ہے اللہ آپ پر رحم کرے۔
- حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيِّيْن صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا کہ جب کسی کو چھینک آئے تو الحمد للہ کہے اور اسکا بھائی یا ساتھ والا یرحمك اللہ کہے۔ (بخاری)

- طلبہ کو حدیث مبارک بتائیں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کو جب چھینک آتی تو منہ کو ہاتھ یا کپڑے سے ڈھانپ لیتے اور آواز کو پست کرتے۔

(ترمذی)

| | |
|---|---|
| **اعادہ:** | **2منٹ** |

پڑھائے گئے سبق کا تصوّر مختصراً دہرائیں۔

| | |
|---|---|
| **جائزہ:** | **6منٹ** |

طلبہ سے پوچھیں چھینک آنے پر کیا کہنا چاہیے اور اسکے جواب میں دوسرے کو کیا کہنا چاہیے؟

| | |
|---|---|
| **گھر کا کام:** | **2منٹ** |

گھر میں اپنے چھوٹے بہن بھائی کو کلمات سکھائیں۔

| | |
|---|---|
| **سرگرمی برائے طلبہ:** | **5منٹ** |

کتاب کے صفحہ نمبر 8 میں دی گئی سرگرمی حل کریں۔

| سبقی منصوبہ بندی:2 | مضمون:اسلامیات | جماعت:دوم | دوسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت:40منٹ | تاریخ:______ | ہفتہ:7 | اُستاد کا نام:______ |

| سبق کا نام: حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیِّیْن صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے اخلاقِ حسنہ | باب اوّل: سیرتِ طیبّہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ |
|---|---|

### حاصلاتِ تعلم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- حضرت محمد خَاتَمُ النَّبِیِّیْن صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے اخلاق کے بارے میں جان سکیں۔

### تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

### سبق کا تعارف: 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ سے اخلاق کا مطلب پوچھیں۔ درست جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ طلبہ کو بتائیں ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیِّیْن صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ اس دنیا کے بہترین انسان ہیں۔ انھیں بتائیں آج کے سبق میں ہم نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیِّیْن صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے اخلاق حسنہ کے بارے میں جانیں گے۔

### طریقہ تدریس: 15منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر 32 کے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- تختہ تحریر پر نمایاں کر کے لکھیں لفظ اخلاق خلق سے بنا ہے جس کے معنی ہیں پختہ عادت۔
- طلبہ کو بتائیں اخلاقِ حسنہ سے مراد اچّھی عادات ہوتی ہیں۔
- طلبہ سے پوچھیں وہ اچّھے بچے ہیں یا نہیں۔ اُن سے پوچھیں ایسے کون سے کام ہیں جن کو کرنے سے وہ اچّھے بچے کہلاتے ہیں۔ اپنی اچّھی عادات بتائیں۔ فرداً فرداً سب طلبہ سے جواب لیں اور انھیں شاباش دیں۔

- طلبہ کو بتائیں ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے بہترین اخلاق کا مالک بنایا۔ قرآن کریم میں اللہ پاک ارشاد فرماتا ہے۔

ترجمہ: آپ اخلاق کے اعلیٰ مرتبے پر فائز ہیں۔ (سورۃ القلم، آیت 4)

- طلبہ کو آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کے اخلاقِ حسنہ رحم دلی، ایفائے عہد اور عفوو درگزر کے بارے میں بتائیں۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** 5منٹ

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| فائز | فا۔اِز | پہنچا ہوا |
| نمایاں | نُ۔ما۔یاں | مشہور۔نامور |

**اعادہ:** 2منٹ

پڑھائے گئے سبق کو مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** 6منٹ

مشق جزو(ا) کے پہلے سوال کا جواب طلبہ سے کاپیوں پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

جماعت میں پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** 5منٹ

صفحہ نمبر 35 میں دی گئی سرگرمی حل کریں۔

| سبقی منصوبہ بندی: 3 | مضمون: اسلامیات | جماعت: دوم | دوسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40 منٹ | تاریخ: ______ | ہفتہ: 7 | اُستاد کا نام: ______ |

| سبق کا نام: حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے اخلاقِ حسنہ | باب اوّل: سیرت طیبہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی رحم دلی کے بارے میں جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں آپ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کو اللہ تعالیٰ نے تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا۔ حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا فرمان ہے: ''اللہ تعالیٰ اس شخص پر رحم ہی نہیں کرتا جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا۔'' (صحیح بخاری)

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 32 کے متن کی پڑھائی کرائیں اور انھیں رحم دلی کا مفہوم سمجھائیں۔
- طلبہ کو بتائیں رحم دلی سے مراد اللہ تعالیٰ کی مخلوق سے نرمی، محبت اور رحم دلی سے پیش آنا ہے۔
- انھیں بتائیں رحمت دراصل اللہ تعالیٰ کی صفت ہے جس انسان میں دوسروں کے لیے رحم دلی ہو گی وہ اللہ تعالیٰ کی رحمت کا مستحق ہو گا۔
- ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ اللہ تعالیٰ کی مخلوق پر بہت رحم فرماتے تھے۔
- اللہ تعالیٰ نے آپ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کو رحمت اللعالمین بنا کر اس دُنیا میں بھیجا یعنی آپ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی رحمت صرف انسانوں تک محدود نہیں تھی بلکہ چرند پرند حتیٰ کہ جمادات و نباتات تک محیط تھی۔

- طلبہ کو دلچسپ انداز میں حضرت محمد خَاتَمُ النَّبِیِّیْن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے جانوروں سے سلوک کے بارے میں کوئی واقعہ سنائیں۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| شفقت | شف۔قَت | رحم۔پیار |
| بے قراری | بے قراری | بے چینی |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا تصوّر مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو(ا) کے سوال(۲) کا جواب طلبہ سے کاپیوں پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیِّیْن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی رحم دلی کے موضوع پر تقریر تیار کروائیں اور کمرا جماعت میں تقریری مقابلے کا اہتمام کریں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام:__________ | مضمون: اسلامیات | سبق: حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیِّیْن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے اخلاق حسنہ |
|---|---|---|

**سوال 1:** **نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیِّیْن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی جانوروں پر رحم دلی کا واقعہ اپنے الفاظ میں تحریر کریں۔**

ترجمہ: ______________________________

______________________________

______________________________